اَعُوۡذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیۡطٰنِ الرَّجِیۡمِ



# رسالہ ہژدہ آیات (آیت۔1)

مولفہ

حضرت بندگی میاں عبدالغفور سجاوندی رحمتہ اللہ علیہ

**پہلی آیتِ کریمہ:-** اللہ تعالٰی فرماتا ہے:- وَ اِذِ ابۡتَلٰۤی اِبۡرٰہٖمَ رَبُّہٗ بِکَلِمٰتٍ فَاَتَمَّہُنَّ ؕ قَالَ اِنِّیۡ جَاعِلُکَ لِلنَّاسِ اِمَامًا ؕ قَالَ وَ مِنۡ ذُرِّیَّتِیۡ ؕ قَالَ لَا یَنَالُ عَہۡدِی الظّٰلِمِیۡنَ ﴿۱۲۴﴾ (سورۃ البقرۃ)

اور جب پروردگار نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کی چند باتوں میں آزمائش کی تو وہ اُن میں پورے اُترے۔ اللہ نے فرمایا کہ بے شک میں تم کو لوگوں کا امام (پیشوا) بناؤں گا، اُنہوں (حضرت ابراہیم علیہ السلام) نے عرض کی (مجھے) اور میری ذُرِّیَتْ (اولاد) کو بھی؟ (ایک امام بنا)۔ اللہ نے فرمایا کہ میرا عہد/وعدہ ظالمین کے لئے نہیں۔

مہدئ موعود علیہ السلام سے روایت کی گئی ہے آپؑ نے فرمایا اللہ تعالٰی نے مجھے حکم کیا کہ وہ مسلم امام جس کے اپنی ذریت (اولاد) میں سے ہونے کے لئے ابراہیم علیہ السلام نے دعاء کی وہ فقط تیری ہی ذات ہے

نہ کہ کوئی اور۔" میں (حضرت بندگی میاں عبد الغفور سجاوندی رحمتہ اللہ علیہ) کہتا ہوں حق وہی ہے جو امام علیہ السلام نے فرمایا کیوں کہ الفاظ ایک امام کی تقدیر پر دلالت کرتے ہیں کیوں کہ وہ نکرہ ہے جو کلام مثبت میں واقع ہوا ہے۔ پس وہ غیر متعین پر دلالت کرتا ہے اور اِس کا عطف محذوف پر ہے تقدیر اُس کی یہ ہے اجعلنی اماماً ومن ذریتی اماماً یعنی مجھے امام بنا اور میری ذریت (اولاد) میں سے ایک امام بنا۔ پس ثابت ہوا اِس سے ایک امام جو مبعوث ہو، ابراہیم علیہ السلام کے بعد اگر وہ مقدرر رکھا جائے، انبیاء میں تو وہ ہوگا جو اُن کے درمیان تخصیص یافتہ ہے۔ اگر ہم کہیں کہ وہ موسیٰ علیہ السلام ہیں تو سوال وارد ہوتا ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام کیوں نہیں اور اگر ہم کہیں کہ وہ عیسیٰ علیہ السلام ہیں تو سوال وارد ہوتا ہے کہ موسیٰ علیہ السلام کیوں نہیں اور اگر ہم کہیں کہ گزشتہ اولیاء میں سے کوئی ولی ہے اور کسی ایک ولی کو خاص کر دیتے ہیں تو سوال وارد ہوتا ہے کہ دوسرا ولی کیوں نہیں اور اگر اِس امامت کے اولیاء میں سے کوئی ولی مراد لیا جائے تو یہ مُسلَّم ہے اور وہ مہدیٔ موعود علیہ السلام ہیں کیوں کہ اِن کی اِمامت متفق علیہ ہے اور دلیل ظاہر ہے جو سیاقِ آیت میں ہے کیوں کہ ابراہیم علیہ السلام نے اپنی ذریت (اولاد) میں سے اُمتِ مسلمہ کو طلب کیا ہے اور وہ اُمتِ محمد ﷺ ہے اور اُن کی حفاظت کے لئے اُن میں سے ایک رسول کو بھیجنے کے لئے طلب کیا وہ محمد ﷺ ہیں۔ پس اس سے ظاہر ہوا کہ جن کو ابراہیم علیہ السلام نے طلب کیا اُس اُمت کی حفاظت کے لئے وہ مہدیٔ موعود علیہ السلام ہیں، چنانچہ امام علیہ السلام نے اللہ کی مراد کا بیان فرمایا کہ وہ یہی ذات ہے نہ کہ غیر کیوں کہ آپؑ عالمِ ربانی اور کتاب اللہ کے اُن اسرار کو کھولنے والے ہیں جو ہمارے نبی ﷺ کے بعد کسی اور پر نہیں کھولے گئے اور حضرت مہدی علیہ السلام کا قول دلیلِ قطعی اور واجب التصدیق ہے۔ بسبب ان اخلاق کے جنہوں نے انبیاء کے قول کے قبول کرنے کو

واجب کر دیا جیسا کہ کتبِ عقاید میں مذکور ہے کہ جو چیز مخبرِ صادق کے اقوال سے ثابت ہو وہ سچ ہے۔ پس غور کرو اور انصاف کرو اور کج روی مت کرو کیوں کہ یہ بات ظاہر ہے۔ اللہ تعالٰی نے ابراہیم علیہ السلام سے فرمایا کہ اے ابراہیم میں نے تجھ سے عہد کیا ہے کہ میں تیری ذریت میں حکم ازل سے اطاعت گزار مسلمانوں کو فائدہ پہنچانے کے لئے امام بناؤں گا لیکن اِس امام کی فائدہ رسانی ظالمین کو نہیں پہنچے گی ظالمین سے مراد انکار کرنے والے ہیں جو اس امام کی اطاعت سے پھرے ہوئے ہیں اور وہ امام اپنے رب کی طرف سے جن باتوں کی تحقیق کو پیش کرتا ہے اُن سے مُنھ پھیرنے والے ہیں اور وہی اُن کا اپنے آپ پر ظلم کرنا ہے اور نیز فرمایا جب کہ ارادہ کیا اللہ نے کہ بنادے ابراہیمؑ کو لوگوں کا امام پس آزمایا آپؑ کو صحتِ امامت کے لایق، چند باتوں کی ادائی میں پس اُن باتوں کو ابراہیمؑ نے پورا کیا جیسا کہ اللہ نے اُن باتوں کو پورا کرنے کا حکم دیا اور وہ قول اللہ تعالٰی کا ہے اور جب کہ آزمایا ابراہیمؑ کو اُس کے رب نے چند باتوں میں تو اُن کو پورا کیا۔ اکثر مفسرین نے لکھا ہے کہ وہ دس باتیں ہیں جن میں سے پانچ سر کے متعلق ہیں

1۔مانگ نکالنا 2۔ناک میں پانی لینا 3۔ کلی کرنا 4۔ مونچھ کترانا 5۔ مسواک کرنا۔

اور 5 باتیں دھڑ (جسم) سے متعلق ہیں **1**۔بغل کے بال لینا **2**۔ناخن تراشنا **3**۔زیرِ ناف کے بال لینا **4**۔خطنہ کرنا **5**۔ نجاست پاک کرنا۔

ابنِ عباس رضی اللہ عنہٗ سے مروی ہے کہ وہ باتیں معاملاتِ شرعی میں سے تیس حصے ہیں جن میں سے دس سورة المؤمن-23-1 میں قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ ۔۔ الخ اور دس سورة الاحزاب-33-35 میں اِنَّ الْمُسْلِمِیْنَ وَ الْمُسْلِمَاتِ۔ ۔الخ میں ہیں اور دس (سورة المَعَارِجْ-70-22) میں اِلَّا الْمُصَلِّیْنَ ﴿22﴾ الَّذِیْنَ هُمْ۔۔۔الخ میں ہیں اور حضرت مہدیٔ موعود علیہ السلام سے مروی ہے

کہ وہ باتیں چالیس ہیں، تیس وہ ہیں جو ابنِ عباس رضی اللہ عنہؓ کے قول میں مذکور ہیں اور باقی آیت وَ عِبَادُ الرَّحۡمٰنِ الَّذِیۡنَ یَمۡشُوۡنَ عَلَی الۡاَرۡضِ ہَوۡنًا وَّ اِذَا خَاطَبَہُمُ الۡجٰہِلُوۡنَ قَالُوۡا سَلٰمًا ۝ (سورة الفرقان-25-63) میں عباد الرحمان کے اوصاف میں ہیں اور امام علیہ السلام نے فرمایا کہ اِس میں امامت کی صحت کی دلیل ہے۔یعنی تحقیق اللہ تعالیٰ امام کے سوائے کسی دوسرے میں اوصافِ مذکورہ جمع نہیں کرتا اور جو شخص میری امامت کی صحت پر دلیل کا طالب ہو اُس کو چاہیئے کہ وہ میری ذات میں غور کرے اگر اُن باتوں کو پائے تو قبول کرے۔ میں کہتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ نے اوصافِ مذکورہ کے زیور سے امام علیہ السلام کی ذاتِ مبارک کو مزّین فرمایا تاکہ اربابِ بصیرت اِن اوصاف کا معائنہ کریں اور اُن کو دیکھ کر متلذذ ہوں یہاں تک کہ وہ کہہ دیں کہ یہ بشر نہیں ہے۔"

☆☆☆☆☆

اَعُوۡذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیۡطٰنِ الرَّجِیۡمِ

Roman Translation

# Risala-e-Hashda Aayaat (Aayat 1)

Muallifa

# Hazrat Bandagi Miyan Abdul-Ghafoor Sujawandi RA

Pahli Aayat:- Allahu Ta'aala farmata hai:-

وَ اِذِ ابْتَلٰٓی اِبْرٰھٖمَ رَبُّهٗ بِكَلِمٰتٍ فَاَتَمَّھُنَّ ؕ قَالَ اِنِّیْ جَاعِلُكَ لِلنَّاسِ اِمَامًا ؕ قَالَ وَ مِنْ ذُرِّیَّتِیْ ؕ قَالَ لَا یَنَالُ عَھْدِی الظّٰلِمِیْنَ ﴿124﴾ (سورة البقرة)

Roman:- Aor jab Parwardigaar ne Hazrat Ibrahim AHS ki chand bataun mein aazmaesh ki to woh un-mein pure Utre. Allah ne farmaya ke beshak mein tum ko logaun ka Imam (Paish-wa) banaun-ga, unhuin (Hazrat Ibrahim AHS) ne arz ki (mujhe) aor meri Zurriyat (Awlad) ko bhi? (aik Imam bana) Allah ne farmaya ke Mera Ahad/Wadah zalim-een ke liye nahin.

English:- And (remember) when his Rabb/Lord tested Abraham/Ibrahim AHS with certain Words/Commands, which he fulfilled them. He (Allah) said (to him) indeed, "I am going to make you an Imam/Caliph for mankind (to follow you)." He (Abraham/Ibrahim AHS) said, "And of my offspring/descendants too? He (Allah) said, "My Promise does not reach to the Oppressors/Zalim-een.

Mahdi-e-Mau'ood AHS se Riwayat ki gaee hai Aap AHS ne farmaya Allahu Ta'aala ne mujhe Hukm kiya ke wo Muslim Imam jis ke apni Zurriyat (Awlad) mein se hone ke liye Ibrahim AHS ne dua ki wo faqat teri hi zaath hai na ke koi aor. "Mein (Hazrat Bandagi Miyan Abdul-Ghafoor RA) kahta huin haq wahi hai jo Imam AHS ne farmaya kuin ke alfaz aik Imam ki Taqdeer par dalalat karte hain kuin ke wo nuqrah hai jo kalam-e-musbit mein waqe' huwa hai. Pas wo ghair muta'yin par dalalt karta hai aor is ka Ataf Makhzoof par hai Taqdeer us ki yeh hai, اجعلنی اماماً و من ذریتی اماماً ya'ni mujhe Imam bana aor meri Zurriyat (Awlad) mein se aik Imam bana. Pas sabit huwa is se aik Imam jo maboos ho, Ibrahim AHS ke ba'ad agar wo muqaddar rakha jaye, Anmbiya mein to wo hoga jo un ke darmiyan Takhsees Yafta hai. Agar hum kahein ke wo Musa AHS hain to suwal warid hota hai ke Isa AHS kuin nahin aor agar hum kahein ke wo Isa AHS hain to suwal warid hota

hai ke Musa AHS kuin nahin aor agar hum kahein ke Guzishta Auliya' mein se koi Vali hai aor kisi aik Vali ko khas kardete hain to suwal warid hota hai ke Dosra Vali kuin nahin aor agar is Imamat ke Auliya mein se koi Vali murad liya jaye to yeh Musallam hai aor who Mahdi-e-Mau'ood AHS hain kuin ke in ki Imamat Muttafiq Ilaih hai aor daleel zahir hai jo siyaaq-e-Aayat mein hai kuin ke Ibrahim AHS ne apni Zurriyat (Awlad) mein se Ummat-e-Muslimah ko talab kiya hai aor wo Muhammad SAWS hain aor un ki Hifazat ke liye un mein se aik Rasool ko bhaijne ke liye talb kiya wo Muhammad SAWS hain. Pas is se zahir huwa ke jin ko Ibrahim AHS ne talab kiya us Ummat ki hifazat ke liye wo Mahdi-e-Mau'ood AHS hain, chunache Imam AHS ne Allah ki Murad ka Bayan farmaya ke wo yahi zaat hai na ke ghair, kuin ke Aap AHS Aalim-e-Rabbani aor Kitabullah ke un Asraar ko khol-ne wale hain jo hamare Nabi SAWS ke ba'ad kisi aor par nahin khole gaye aor Hazrat Mahdi AHS ka qaol daleel-e-Qataee aor Wajib-ut-Tasdeeq hai. Ba-sabab in Akhlaq ke jinhuin ne Anmbiya' ke qaol ke qabool karne ko wajib Kardiya jaisa ke Kutub-e-Aqayed mein mazkoor hai ke jo cheez

Mukhbir-e-Sadiq ke aqwaal se sabit ho wo sach hai. Pas ghaor karo aor Insaf karo aor kaj rawi mat karo kuin ke yeh baat zahir hai. Allahu Ta'aala ne Ibrahim AHS se farmaya ke Aey Ibrahim mein ne tujh se Ahed kiya hai ke mein teri Zurriyat (Awlad) mein Hukm-e-Azal se Ita'at Guzaar Musalmanaun ko faeda pahunchane ke liye Imam banaun ga laikin is Imam ki faeda-ra-sani Zalim-een ko nahin pahunche gi. Zalim-een se murad Inkaar karne wale hain jo is Imam ki Ita'at se phire huwe hain aor wo Imam apne Rabb ki taraf se jin bataun ki tahqeeq ko paish karta hai un se munh phair-ne wale hain aor wahi un ka apne aap par zulm karna hai aor neez farmaya jab ke Iradah kiya Allah ne ke bande Ibrahim AHS ko logaun ka Imam pas aazmaya Aap AHS ko Sahet-e-Imamat ke layeq, chand bataun ki adaee mein pas un bataun ko Ibrahim AHS ne poora kiya jaisa ke Allah ne un bataun ko poora karne ka Hukm diya aor wo Qaol Allahu Ta'aala ka hai aor jab ke aazmaya Ibrahim AHS ko us ke Rabb ne chand bataun mein to un ko poora kiya. Aksar

Mufassireen ne likha hai ke wo das batein hain jin mein se 5 panch sar ke muta'liq hain 1. Mang nikal-na 2. Naak mein pani lena 3. Kulli karna 4. Münch katrana 5. Miswaak karna.

Aor 5 panch batein Thad (Jism ) se mutalliq hain. 1.Baghal ke baal lena 2. Nakhun Tarashna 3. Zair-e-Naaf ke baal lena 4. Khatna karna 5. Najasat pak karna.

Ibn Abbas RZ se marwi hai ke wo batein Muamilaat-e-Sharaee mein se 30 hisse hain jin mein se 10 سورة المؤمن-23-1 mein قَدۡ اَفۡلَحَ الۡمُؤۡمِنُوۡنَ -- الخ aor 10, سورة الاحزاب-33- 35 mein اِنَّ الۡمُسۡلِمِيۡنَ وَالۡمُسۡلِمَاتِ-الخ Mein hain aor 10 (سورة المَعَارِجُ-22) mein اِلَّا الۡمُصَلِّيۡنَ ﴿22﴾ الَّذِيۡنَ هُمۡ---الخ mein hain aor Hazrat Mahdi-e-Mau'ood AHS se marwi hai ke wo batein 40 hain, 30 wo hain jo Ibn Abbas RZ ke qaol mein mazkoor hain aor baqi Aayat:-

وَعِبَادُ الرَّحۡمٰنِ الَّذِيۡنَ يَمۡشُوۡنَ عَلَى الۡاَرۡضِ هَوۡنًا وَّاِذَا خَاطَبَهُمُ الۡجٰهِلُوۡنَ قَالُوۡا سَلٰمًا ﴿63﴾ (سورة الفرقان)

Mein Iba-dar-Rahman ke ausaaf mein hain aor Imam AHS ne farmaya ke

Is[22] mein Imamat ki Sahet ki Daleel hai. Ya'ni tahqeeq Allahu Ta'aala Imam ke siwaye kisi dosre mein Ausaaf-e-Mazkoor jama' nahin karta aor jo shakhs meri Imamat ki Sahet par Daleel ka talib ho us ko chahiye ke wo meri zaat mein ghaor kare agar un bataun ko paye to qabool kare. "Mein kahta huin ke Allahu Ta'aala ne Ausaaf-e-Mazkoora ke zaiwar se Imam AHS ki Zaat-e-Mubarak ko Muzayyan farmaya ta ke Arbaab-e-Baseerat in Ausaaf ka mua'enah karein aor un ko dekh kar mutalaziz hon yahan tak ke wo kah dein ke yeh Bashar nahin hai."

☆☆☆☆☆

اَعُوۡذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيۡطٰنِ الرَّجِيۡمِ

English Translation

# Risala-e-Hashda Aayaat (Aayat 1)

Muallifa

## Hazrat Bandagi Miyan Abdul-Ghafoor Sujawandi RA

The First Verse (2-124):- Allahu Ta'aala says:

وَ اِذِابْتَلٰۤى اِبْرٰهٖمَ رَبُّهٗ بِكَلِمٰتٍ فَاَتَمَّهُنَّ ؕ قَالَ اِنِّىْ جَاعِلُكَ لِلنَّاسِ اِمَامًا ؕ قَالَ وَ مِنْ ذُرِّيَّتِىْ ؕ قَالَ لَا يَنَالُ عَهْدِى الظّٰلِمِيْنَ ﴿124﴾ (سورة البقرة)

English:- And (remember) when his Rabb/Lord tested Abraham/Ibrahim AHS with certain Words/Commands, which he fulfilled them. He (Allah) said (to him) indeed, "I am going to make you an Imam/Caliph for mankind (to follow you)." He (Abraham/Ibrahim AHS) said, "And of my offspring/descendants too? He (Allah) said, "My Promise does not reach to the Oppressors/Zalim-een. (2-124)

It is narrated that Mahdi-e-Mau'ood AHS said; Allahu Ta'aala has Commanded me that, "The Muslim Imam for whom Ibrahim AHS had prayed to be born in his Descendants/Zurriyat is you only and no one else."

I (Hazrat Bandagi Miyan Abdul Ghafoor Sujawandi RA) say what Imam AHS had said is the Truth because the words justify of an Imam description of the indefinite noun (Nakerah) which appears in the positive message to a person who is not mentioned/specified. And its Atf

is on Makhzoof. Its proof in اجعلنی اماماً و من ذریتی اماماً i.e., "Make me an Imam and also from my Progeny/Zurriyat. Thus with this it is proved that an Imam who will be born after Abraham/Ibrahim AHS. If we establish that he will be among the Prophets, then he should be a selected one of them. If we say he is Musa AHS then question arises why not Isa AHS? And if we say that he is Isa AHS then the question arises why not Musa AHS and if we say he is someone from the past Saints/Auliya and specify one Saint/Vali then question arises why not other Saint/Vali. And if we say he is from the saints then it is undoubted that he is Mahdi-e-Mau'ood AHS, because his Imamat is agreeable/ acceptable to everyone. That proof is clear and evident from the context of the Quranic Verse because Ibrahim AHS desired from his Progeny/ Zurriyat (Awlad), and that is the Ummat of Muhammad SAWS and to protect them, he desired for a Prophet to be sent and that is Prophet Muhammad SAWS. Thus it is clear that what Ibrahim AHS had desired for the protection of Umma was Mahdi-e-Mau'ood AHS. Hence Imam AHS has narrated that the Wish/Desire of Allah (showing himself) is "That person is this zaat only and nobody else. Mahdi-e-Mau'ood AHS is the Divine Scholar/Alim-e-Rabbani and one who will reveal the Secrets/ Hidden Treasures of the Book of Allah (Qur'aan) which were not Revealed on anybody else after our Prophet SAWS. And the saying of Hazrat Mahdi AHS is absolute proof and it is Obligatory to accept it. Because of these characters that made it Obligatory to the sayings of Prophets as it is mentioned in the Books of belief that anything which is told by a truthful messenger is true. Thus think and do justice and do not depend of wrong ways because Allahu Ta'aala has said to Ibrahim AHS that "O Ibrahim (AHS) "I have promised in the Eternal Command that from your progeny/Zurriyat I will create an Imam who will provide benefit to the Obedient Muslims. But this Imam's benefit will not reach to the oppressors." Oppressors means those who deny to follow that Imam and have turned away from their Lord/Rabb. That Imam who present his Lord's Commands they are those who will turn away. And this is Oppressing on themselves. And further said when Allah decided to make Ibrahim AHS an Imam, He tested him in few things. Thus

Ibrahim AHS fulfilled those Commands the way Allah had Commanded. And that is the Command of Allah. "And when his Lord/Rabb tested him in certain things, he fulfilled them."
Most Mufassireen/Commentators have written that these are 10 things. Five of which are related to the head; 1. Parting the hair 2. Taking water in the nose 3. Gargling water, 4. Trimming the Moustaches 5. Brushing the teeth (Miswak)
And Five things are related to body. 1. Removing Armpit Hair 2. Trimming the Nails 3. Removing the Public Hair 4. Circumcision 5. Washing/Cleaning the Filth.
It is narrated by Ibn Abbas RZ that these matters/things are from 30 parts of Shariya of which ten are mentioned in Sura Mo'min; سورة المؤمن ۔23-1 اِنَّ الْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ۔۔الخ (Indeed the believers are successful) and ten of them are mentioned in سورة الاحزاب۔33۔ 35 ten of them are mentioned in (سورة المَعَارِجِ۔22) "except those who pray…اِلَّاالْمُصَلِّيْنَ ﴿22﴾ الَّذِيْنَ هُمْ۔۔۔الخ
And Hazrat Mahdi AHS has said that these things are forty, 30 are those which are in the narration mentioned by Ibn Abbas RZ and the rest are in وَ عِبَادُ الرَّحْمٰنِ الَّذِيْنَ يَمْشُوْنَ عَلَى الْاَرْضِ هَوْنًا وَّ اِذَا خَاطَبَهُمُ الْجٰهِلُوْنَ قَالُوْا سَلٰمًا ﴿63﴾ (سورة الفرقان) " And the attributes of the servants of Allah the Most Beneficent. And Imam AHS said that this is the proof Imamat." That means Allahu Ta'aala does not include anybody in these attributes except Imam and the person who would be like to seek the proof of my Imamat should think in my zaath, If he finds these attributes, accept/ acknowledge me.
I (Hazrat Bandagi Miyan Abdul-Ghafoor Sujawandi RA) say that Allahu Ta'aala had created the zaat of Imam AHS with such unique Attributes that people with vision see them in him and say to an extent that he is not a human."

☆☆☆☆☆

Presented by:- “Faizaan-e-Mahdi AHS Group”
Roman and English Translation by
Faqeer Syed Sayeedul Haq Shaheen Tashreefullahi

اَعُوۡذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیۡطٰنِ الرَّجِیۡمِ

# رسالہ ہژدہ آیات (آیت-2)

مولفہ

حضرت بندگی میاں عبدالغفور سجاوندی رحمتہ اللہ علیہ

**دوسری آیت:-** سورۂ آل عمران میں تیسرے جزء کے تیسرے ربع میں ہے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:-

**فَاِنۡ حَآجُّوۡكَ فَقُلۡ اَسۡلَمۡتُ وَجۡهِىَ لِلّٰهِ وَمَنِ اتَّبَعَنِؕ... الخ (سورۃ آل عمران-20)**

پس اگر وہ تجھ سے جھگڑا کریں تو کہہ دے اے محمدؐ! میں تو اپنے کو متوجہ کر چکا ہوں اللہ کی طرف اور وہ بھی متوجہ کر دے گا اپنے کو اللہ کی طرف جو میری پیروی کرنے والا ہے۔

حضرت مہدیؑ موعود علیہ السلام سے روایت کی گئی ہے کہ آپؑ نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے میرے لئے حکم کیا کہ یہ مَنْ (وَمَنِ اتَّبَعَنِ) خاص ہے اور اِس سے مراد صرف تیری ذات ہے کوئی اور نہیں۔

میں کہتا ہوں حق وہی ہے جو امام علیہ السلام نے فرمایا کیوں کہ قرینہ اِس کی خصوصیت پر آیت کے بیان میں موجود ہے اور وہ خصوصیت تھی اہلِ زمانہ کی خصومت اور دشمنی نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم سے دعوت سننے کے بعد اور آپؐ کا اُن لوگوں کی خصومت پر اللہ کے حکم سے راضی برضا ہو جانا اور تابع کو چاہیئے کہ وہ ایسا ہی ہو اور وہ ذات مہدیؑ موعود علیہ السلام کی ہے کیوں کہ آپؑ کی دعوت اور خدا کے حکم سے راضی برضا ہو جانا ایسا ہی ہے جیسا کہ فرمایا فَاِنْ حَآجُّوْكَ یعنی اگر اہلِ کتاب تیری نبوت کی صحت اور تیری کتاب کی صداقت پر ادائے تبلیغ کے بعد تجھ سے جھگڑا کریں تو اے محمدؐ تو کہہ دے یعنی پس تو اُن سے کہہ دے کہ میں نے تمہارے پاس اِس چیز کو پہنچا دیا جس کے ساتھ میں رسول بنا کر بھیجا گیا لیکن تم اپنے اِس علم کے باوجود کہ وہ تمہارے رب کی طرف سے حق ہے حسد و عناد کی وجہ سے مجھ پر اور میری کتاب پر ایمان نہیں لاتے ہو۔ میں نے جھکا دیا اپنے چہرہ کو اللہ کے لئے اور اسلام لایا میں اور وہ بھی اسلام لائے گا جو میری پیروی کرے گا یعنی وہ خالص کرے گا اپنی ذات کو اللہ کے لئے مانند خالص کرنے میرے اپنی ذات کو اللہ کے لئے جب کہ جھگڑا کریں گے اِس سے اُس کے مخالفین۔ پس اِس سے معلوم ہوا کہ یہاں متبوع کا تابع مفروض الدعوت اور مفترض الطاعت اور جمیع حالات میں وہ اپنے متبوع کے برابر ہے جیسا کہ کشف الحقایق میں مذکور آپؑ کے خصوصیات سے معلوم ہوتا ہے۔ نورِ محمدیؐ سے ارواح و انواع کے استخراج کے بیان میں مذکور ہیں اور وہ قول مصنف کا ہے کہ اِسی سے روحِ مہدیؑ قیام پذیر ہوئی جیسا کہ قیام پذیر ہوتا ہے بچہ اپنی ماں سے پس نبیؐ کو جب آپؐ کی نبوت دی گئی تو مہدیؑ کو نبیؐ کی ولایت دی گئی پس مہدیؑ کی

ذات نبیؐ کی ذات مانند ہے اور مہدیؑ کا گروہ نبی علیہ السلام کے گروہ کے مانند ہے اور مہدیؑ کا صبر نبیؐ کے صبر کے مانند ہے اور مہدیؑ کا توکل نبیؐ کے توکل کے مانند ہے اور اکثر احوال میں مہدیؑ، نبیؐ کے برابر ہیں ۔پس اِس سے ثابت ہوا کہ نبی اور مہدی علیہما السلام اکثر احوال میں برابر ہیں اور اِس اُمت میں مہدی علیہ السلام کے سوائے کوئی اِس شان کا تابع نبیؐ کا نہیں ہے پس غور اور انصاف کر کج روی مت کر کیونکہ یہ بات ظاہر ہے۔

☆☆☆☆☆

اَعُوۡذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیۡطٰنِ الرَّجِیۡم

Roman Translation

# Risala-e-Hashda Aayaat (Aayat 2)

Dosri Aayat:- Sura-Aal-Imran mein teesre Juz ke teesre rub-a’ mein hai Allahu Ta’aala farmata hai:-

**فَاِنۡ حَآجُّوۡکَ فَقُلۡ اَسۡلَمۡتُ وَجۡهِیَ لِلّٰهِ وَمَنِ اتَّبَعَنِ ؕ ...الخ (سورة اٰل عمران-20)**

Roman Translation:- Pas agar wo jhagda karein to kah de Aey Muhammad SAWS! Mein to apne ko mutawajjeh kar chuka huin Allah ki taraf aor wo bhi mutawajjeh kar de ga apne ko Allah ki taraf jo meri pairwi karne wala hai.

Hazrat Mahdi-e-Mau'ood AHS se riwayat ki gaee hai ke Aap AHS ne farmaya Allahu Ta'aala ne mere liye hukm kiya ke yeh "Man" (Wa Manittaba-'an) khas hai aor is se murad sirf teri zaat hai koi aor nahin. Mein kahta huin haq wahi hai jo Imam AHS ne farmaya kuin ke qareena is ki khusoosiyat par Aayat ke bayan mein maujood hai aor wo khusoosiyat thi ahle-zamana ki khusoomat aor dushman-i Nabi SAWS se dawat sun-ne ke ba'ad aor Aap SAWS ka un logaun ki khusoomat par Allah ke hukm se razi ba-raza ho jana aor Tabae' ko chahiye ke wo aisa ho aor wo zaat Mahdi-e-Mau'ood AHS ki hai kuin ke Aap AHS ki dawat

Aor Khuda ke hukm se razi ba-raza ho jana aisa hi hai jaisa ke farmaya فَإِنْ حَآجُّوكَ ya'ni agar Ahle-Kitab teri Nubuwat ki sahet aor teri Kitab

ki sadaqat par ada-e-tableegh ke ba'ad tujh se jhagda karein to Aey Muhammad SAWS! To kah de ya'ni pas tu un se kah de ke mein ne tumhare pas is cheez ko pahuncha de jis ke saath mein Rasool bana kar bhaija gaya laikin tum is Ilm ke bawajood ko wo tumhare Rabb ki taraf se haq hai has ad wo 'Inaad ki wajh se mujh par aor meri Kitab par Iman nahin late ho. Mein ne jhuka diya apne chehre ko Allah ke liye aor Islam laya mein aor who bhi Islam layega jo meri pairawi kare ga wo Khalis karega apni zaat ko Allah ke liye manind Khalis kare mere apni zaat ko Allah ke liye jab ke jhagda kareinge is se us ke Mukhalifeen. Pas is-se ma'loom huwa ke yahan Matboo' ka Tabae' mafroozud-dawat aor muftari-ud-dawat aor Jamee' halaat mein wo apne Matboo ke barabar hai jaisa ke Kashful Haqayaq mein mazkoor Aap AHS ke khusoosiyaat se ma'loom hota hai. Noor-e-Muhammadi SAWS se arwah wo anwa'a ke Istekhraaj ke bayan mein mazkoor hain aor wo Qaol Musannif ka hai ke isi se Rooh-e-Mahdi AHS qiyam pazeer huwi jaisa ke qiyam pazeer hota hai bach-cha apni man se pas Nabi SAWS ko jab Aap AHS ki Nubuwat di gaee to Mahdi AHS ko Nabi SAWS ki Vilayat di gaee pas Mahdi AHS ki zaat Nabi SAWS lo zaat manind hai aor Mahdi AHS ka Groah Nabi AHS ky Groah ke manind hai aor Mahd AHS ka Sabr Nabi SAWS ke Sabr ke manind hai aor Mahdi AHS ka Tawakkul Nabi SAWS ke Tawakkul ke

manind hai aor aksar Ahwaal mein Mahdi AHS, Nabi SAWS ky barabar hain. Pas is se sabit huwa ke Nabi aor Mahdi Alaihimas-Salam aksar Ahwaal mein barabar hain aor is-Ummat mein Mahdi AHS ke siwaye koi is shan ka Tabae Nabi SAWS ka nahin hai. Pas ghaor aor insaf kar kaj rawi mat kar kuin ke yeh baat zahir hai.

☆☆☆☆☆

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ

English Translation

# Risala-e-Hashda Aayaat (Aayat 2)

Second Aayat :- In Sura Aal-e-Imran, in the 3rd part (juz) of the 3rd quarter Allahu Ta'aala says:-

فَاِنْ حَآجُّوْكَ فَقُلْ اَسْلَمْتُ وَجْهِىَ لِلّٰهِ وَمَنِ اتَّبَعَنِ ط... الخ (سورة آل عمران-20)

English Translation:- So, if they argue with you, say (O Prophet Muhammad SAWS!), "I have submitted/surrendered myself to Allah, and he will who also follows me."

It is narrated that Hazrat Mahdi-e-Mau'ood AHS said; "Allahu Ta'aala commanded me that this مَنْ (وَمَنِ اتَّبَعَنِ) is specific/particular and it's object/desire is only your zaat and nobody else."

I say that the truth is the same what Imam AHS has said, because of the peculiarity which is present in the order of the Verse. And that specialty/

Peculiarity was the enmity of worldly people of Prophet SAWS even after listening his Divine Invitation. And Prophets SAWS's acceptance of hostility of those people, upon the commands of Allah. It is compulsory and required for his follower. And that zaat is of Mahdi-e-Mau'ood AHS because his Invitation and consenting upon Allah's command is just like it is mentioned in verse فَإِنْ حَآجُّوكَ (So if they dispute with you) that

means if the people of Book dispute about the authenticity of your Prophethood and the veracity of you then tell them " I have delivered to you with what I was sent to you as a Prophet. But even knowing this it a truth from your Rabb/Lord, because of jealousy and enmity you do believe in me and my book. I have bowed my face to Him and accepted Islam, me and he who also will believe in Islam who will be my follower. That means he will make his zaath pure for Allah, same as making my own zaath purely for Allah, when his opponents will dispute with him.

Thus with this we learnt that the Tabe' (the follower) of Matboo (one who is followed) is obligated to invite people towards Allah and it is obligatory to abide and acknowledge by his Call and it is equal to Matboo (One who is followed) in all situations which is written in (the book) Kashful Haqaiq of the peculiarities of the prophet SAWS. And it is in the author's explanation, about the emergence of lights (Anwaar) and souls from the light of Prophet Muhammad (Noor-e-Muhammad SAWS) from which the soul of Mahdi AHS established. Just like a child is born from his mother. Thus when the Prophethood was given to Muhammad SAWS, the Sainthood of Prophet Muhammad SAWS was given to Mahdi AHS.

Thus the zaath of Mahdi AHS is like the zaath of Prophet SAWS and the Community/Groh of Mahdi AHS is like the Community/Groh of the Prophet SAWS and the patience of Mahdi AHS is like the patience of Prophet SAWS and the Trust on Allah/Tawakkul of the Mahdi AHS is like the Trust/Tawakkul of the Prophet SAWS and in most of the

Situations the Mahdi AHS is equal to the Prophet SAWS. Thus it is proved that the Prophet SAWS and the Mahdi AHS are equal under most of the situations and conditions. And in this Ummah, no other follower has this status/position other than that of the Mahdi AHS. Therefor think and do justice and do not be unprincipled since this is clear.

کہو بہ بانگِ دہل جہاں سے خلیفۃ اللہ ہیں آپؑ سچے ☆ جو منتظر ہیں اُنھیں بتادو کہ آ گئے ہیں ہمارے مہدیؑ

(فقیر شاہینؔ تشریف اللّٰہی)

Presented by:- "Faizaan-e-Mahdi AHS Group"

Roman & English Translation by

Faqeer Syed Sayeedul Haq Shaheen Tashreefullahi

☆☆☆☆☆

اَعُوۡذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیۡطٰنِ الرَّجِیۡمِ

# رسالہ ہژدہ آیات (آیت۔3)

مولفہ

حضرت بندگی میاں عبد الغفور سجاوندی رحمتہ اللہ علیہ

**تیسری آیت:-** سورۂ اٰل عمران میں چوتھے جزء کے تیسرے ربع میں ہے اللہ تعالٰی فرماتا ہے:-

اِنَّ فِیۡ خَلۡقِ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ وَاخۡتِلَافِ الَّیۡلِ وَالنَّهَارِ لَاٰيٰتٍ لِّاُولِی الۡاَلۡبَابِ ﴿190﴾ الَّذِيۡنَ يَذۡكُرُوۡنَ اللّٰهَ قِيٰمًا وَّقُعُوۡدًا وَّعَلٰى جُنُوۡبِهِمۡ وَيَتَفَكَّرُوۡنَ فِىۡ خَلۡقِ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِۚ رَبَّنَا مَا خَلَقۡتَ هٰذَا بَاطِلًا ۚ سُبۡحٰنَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ﴿191﴾

(سورۃ اٰل عمران)

(بہترین نشانیاں ہیں) عقلمندوں کے لئے جو اللہ کا ذکر کرتے ہیں کھڑے، بیٹھے اور لیٹے ہوئے۔ روایت کی گئی ہے حضرت مہدیٔ موعود علیہ السلام سے آپؑ نے فرمایا کہ اللہ تعالٰی نے مجھے حکم کیا ہے کہ اولی الالباب سے مراد فقط تیری قوم ہے۔ میں کہتا ہوں حق وہی ہے جو امام علیہ السلام نے فرمایا کیوں کہ وہ لوگ تمام اُمت سے ثابت قدم اللہ کی مختلف صنعتوں میں غور و فکر کرنے کے لئے اور ہر حالت میں یعنی کھڑے، بیٹھے اور لیٹے ہوئے اللہ کا ذکر کرنے والے ہیں اور صداقت کی زبان سے کہنے والے ہیں کہ اے

ہمارے پروردگار تونے اِس کو بے فائدہ نہیں بنایا تیری ذات پاک ہے پس ہم کو بچا دوزخ کے عذاب سے اور وہ اُمت میں مخصوص ہیں اپنی خصوصیتوں مثل توکل تسلیم بذل 1 انفاق مروت اور حلم اکثر احوالِ محمودہ میں اور یہ باتیں اُن میں مشہور ہیں خاص وعام میں سے کسی پر پوشیدہ نہیں اِسی کی تائید ہوتی ہے اِس سے جو صاحبِ مظہر شرح مصابیح نے باب انفاق میں کہا ہے کہ لوگوں میں بصیرت رکھنے والے آخرت کی رغبت کرنے والے دنیا کو چھوڑنے والے ایک دن کی قوت پر قناعت کرتے ہیں اور مال کو کسی وقت ذخیرہ کر کے نہیں رکھتے اور ہر زمانے میں متوکلوں کی ایک جماعت ایسی پائی گئی لیکن عام لوگ اِس صفت سے موصوف نہیں ہوئے مگر حضرت مہدیؑ موعود علیہ السلام ہی کے زمانے میں پس اِس سے معلوم ہوا کہ اِس قوم کے خاص و عام لوگ متوکل ہوں گے جو اوصافِ مذکورہ سے موصوف ہیں وہی لوگوں میں بصیرت والے ہیں اِس اُمت میں اور وہی ہیں صاحبانِ عقل اور صحیح ہے جو فرمایا امام مہدیؑ موعود علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ کی مراد کے موافق اور وہی وہ لوگ ہیں جو کہتے ہیں کہ اے ہمارے رب! بے شک تو جس کو داخل کرے گا دوزخ میں تو پس تحقیق رسوا کیا تونے اِس کو۔ حضرت مہدیؑ موعود علیہ السلام سے روایت کی گئی ہے آپؑ نے فرمایا کہ یہ آیت دلالت کرتی ہے اِس بات پر کہ جو شخص آگ میں داخل ہو گا تو پھر اُس سے کبھی نہیں نکلے گا کیونکہ اللہ تعالیٰ نے خبر دی ہے اُس کے حال کی اپنے قول فھتد اخزیتہ سے یعنی تحقیق رسوا کر دیا تُونے اُس کو یہ اُس کے حق میں وعید ہے اور مؤمن اِس سے محفوظ ہے جیسا کہ فرمایا ہے اپنے قول میں اللہ تعالیٰ نے جس دن کہ نہیں رسوا کرے گا نبیؐ کو اور اُن لوگوں کو جو ایمان لائے اِس کے ساتھ اور نہیں ہیں ظالموں کے لئے مدد کرنے والے۔ اور آیت بھی تائید کرتی ہے اِس بات کی کیونکہ جو شخص آگ میں داخل ہوا وہ کافر ہی ہے اُس کے لئے کوئی شفاعت کرنے والا نہیں جیسا کہ

